Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰ } مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۵ صفر ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ جون ۱۹۳۳ء { جلد

حصہ دوم

خلاصہ احکام اجلاس صاحبان منسٹر و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۲-۳	۶	فہرست مقدمات ہائی کورٹ	۸ تا ۱۰
۲	" " صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۳	۷	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۱
۳	" " صاحب لیجسلیٹو منسٹر بہادر	۳-۵			
۴	" " صاحب جوڈیشیل منسٹر بہادر	۶		نقشہ نرخ غلہ جات	۱۲
۵	" " صاحب آرمی منسٹر بہادر	۷			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تکمیل تنخواہ

واقع ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء

بجنسہ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بدین خلاصہ کہ یکم مئی ۱۹۳۴ء سے تین جدید ضلعداران کا تقرر بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار فی کس منظور ہوا ہے لیکن رگھبیر سہائے محمد علیخان و محمد رضا خان ضلعداران سابق تاریخ تقرر سے پندرہ پندرہ روپیہ تنخواہ پا رہے ہیں لہذا اول نامبردگان کو بھی بیس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائے کہ دیگر ضلعداران سابق محنت سے کام انجام دیں۔ مسودہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بدین مضمون کہ مجھکو رپورٹ تحصیل سے اتفاق ہے لیکن چونکہ رگھبیر سہائے کے متعلق رشوت ستانی کی شکایت ہوا ور تحقیقات جاری ہے اسلئے محمد علیخان و محمد رضا خان کو یکم مئی ۱۹۳۴ء سے پانچروپیہ ماہوار یعنی بیس روپیہ تنخواہ پر ترقی دیجائے۔

حکم

افضال احمد۔ وارث احمد۔ محفوظ علی ہر سہ ضلعداران تحصیل سوار کو یوم تقرر یعنی یکم مئی ۱۹۳۴ء سے پندرہ پندرہ روپیہ ہوار تنخواہ ملیگی اور محمد علیخان و محمد رضا خان ضلعداران کو پانچ پانچروپیہ ماہوار گریڈ پر دموشن دیا جائے۔ اور تیسرے ضلعدار رگھبیر سہائے کے گریڈ پروموشن کا اوسوقت حکم ہوگا کہ جب اوسکی تحقیقات کا معاملہ ختم ہوجائیگا۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲۰ مئی ۱۹۳۴ء

مثل یادداشت انجنیر صاحب روشنی برقی بابتہ منظوری رخصت رعایتی ۲۰ یوم محمد شاہ خاں فٹر مشاہرہ یاب ۳۵؎ از ۲۲ مئی ۱۹۳۴ء مرسلہ صاحب چیف انجنیر بہادر۔

حکم

حسب رائے صاحب چیف انجنیر بہادر محمد شاہ خاں فٹر کی ۲۰ روز کی رعایتی رخصت ۲۲ مئی ۱۹۳۴ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۳ جون ۱۹۳۴ء

مثل یادداشت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بابتہ تصدیق استحقاق رخصت رعایتی ایکماہ از یوم استعفا مہدی مرزا خوشنویس ملازم کتب خانہ مشاہرہ یاب ۲۰؎

حکم

ایکماہ کی رخصت رعایتی منشی مہدی مرزا خوشنویس کتب خانہ کی تاریخ استعفاء سے منظور ہے کام کا انتظام کر دیا جائے حق رخصت رعایتی حاصل ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

واقع ۵ جون ۱۹۳۲ء

مثبتہ درخواست شب کمار رنجن انگریزی

حکم

شب کمار امیدوار کو جو رامپور کا باشندہ ہے اور اسٹیٹ ہائی اسکول سے امتحان انٹرنس پاس کر چکا ہے مبلغ ہشت روپیہ ماہوار پر بطور اپرینٹس دفتر انگریزی اجلاس ہٰذا مقرر کیا جاتا ہے تنخواہ بجٹ عملہ اجلاس سے پائیگا۔ نئی بجٹ سال تمام پر منتقل آئیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

رخصت

واقع یکم جون ۱۹۳۲ء

سید محمد تقی صاحب مصاحب کی رخصت رعایتی بصورت خاص دس یوم کی بزمانہ عشرہ محرم منظور ہوئی تھی جس سے دو دن … دنوں میں استفادہ نہیں کرسکے۔ اور بدستور کام پر حاضر رہے۔ اب چہلم کے موقع پر رخصت منظور شدہ سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں جسکی منظوری دیجاتی ہے۔ ۳ جون سے دس روز تک رخصت رعایتی بصورت خاص منظور ہوگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۴ جون ۱۹۳۲ء

ظہری عرضی حکیم احمد الدین اہلمد اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ باستدعائے رخصت مزید پندرہ یوم از یکم جون ۱۹۳۲ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے ضعف۔ معہ رپورٹ ناظر اجلاس مذکور باظہار عدم استحقاق رخصت رعایتی و منظوری رخصت مطلوبہ بہ تقریر عرض۔

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ مزید رخصت رعایتی پندرہ یوم بصورت خاص منظور ہے۔ موجودہ عملہ دفتر کا کام کریگا۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

اطلاع

۷ جون ۱۹۳۲ء

صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر کے دفتر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ملک ایران کو جانیوالوں کو یہ ہدایت کیجائے کہ انکو ایران کیلئے داخلہ کی درخواست کرتے وقت پرشین کنسلر افسر کے روبرو اپنے فوٹو کی دو نقول پیش کرنا ہونگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اطلاع عام گزٹ میں شائع کیا جاوے۔

ایک نقل اس روبکار کی مطبع کو بھیجی جاوے۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

تقرر عارضی و تبادلہ وغیرہ

۷ جون ۱۹۳۲ء

مدرسہ تحصیلی [illegible] مدرس اول کی جگہ خالی ہے [illegible] بجٹ میں اسامی مذکور کیلئے [illegible] روپیہ کی منظوری ہو چکی ہے۔ اس جگہ کے واسطے ٹرینڈ و انگریزی دان مدرس کی تلاش ہے۔ لیکن فی الحال کوئی شخص باشندہ رامپور اس قابلیت کا دستیاب نہیں ہوا۔ اس سلسلہ میں حسب ہدایت رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس منظوری چاہی گئی کہ

(۱) سید احمد علی منشی عالم [illegible] رامپور کا تقرر عارضی بعہدہ مدرسی اول مدرسہ تحصیلی بلاسپور ۷ جون ۱۹۳۲ء سے بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کیا جاتا ہے۔ جسوقت اس جگہ کیلئے کوئی موزون مدرس دستیاب ہو جائیگا سید احمد علی مذکور کو بہ تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار مدارس شہر میں تبدیل کیا جائے گا۔

(۲) بشیر احمد موجودہ مدرس اول انچارج مدرسہ تحصیلی بلاسپور مدرس دوم ہونگے۔ بشیر احمد نے زمانہ انچارجی میں محنت و مستعدی سے کام انجام دیا ہے اور مدرسہ کی حالت بہتر رہی۔ چونکہ انکے متعلق درجات اعلیٰ کی تعلیم بھی رہیگی۔ اسلئے انکی موجودہ تنخواہ کے علاوہ مبلغ پانچ روپیہ بچت شدہ از اسامی متذکرہ بالا میں سے مبلغ چار روپیہ ماہوار الاونس ملیگا [illegible]

(۳) ایوب بیگ نائب مدرس مدرسہ تحصیلی بلاسپور کی اب وہاں ضرورت نہیں ہے لہذا ایوب بیگ کا [illegible] تحصیل [illegible] میں بہ تنخواہ موجودہ تبادلہ کیا جاتا ہے

آئٹم نمبر (۱) کی بابت صدر [illegible] سیکشن بورڈ نے اور آئٹم نمبر (۲) کے متعلق صاحب فائنس سکریٹری نے اتفاق رائے ظاہر کیا ہے۔

حکم ہوا کہ

منظور شدہ [illegible] احکام حسب [illegible] جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

مستقل

۲ جون ۱۹۳۲ء

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نیز اسم مدرسین مندرجہ فہرست ۱ کو یکم مئی ۱۹۳۲ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے اور مدرسین مندرجہ فہرست ۲ میں سے ملازمان ۲۲، ۲۳ اور [illegible] کی مدت ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی ۱۹۳۲ء سے چھ ماہ کی توسیع منظور کیجاتی ہے۔ [illegible] کی بابت علیحدہ رپورٹ کیجائے۔

سررشتہ سے علاوہ ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب ہوم ممبر ہیں ۔

فہرست ۲ مدرسین غیر مستقل جنکی مدت ملازمت ۳۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو پوری ہو گئی

نمبر شمار	نام مدرس	عہدہ	جائے تعیناتی	تنخواہ	سکونت
۱	حافظ عبداللطیف خاں	مدرس قرآن شریف	مڈل اسکول	[illegible]	ریاست رامپور
۲	حافظ نصیر احمد	مدرس قرآن شریف	مدرسہ گھیر سیف اللہ خاں	[illegible]	،،
۳	سید مختار حسین	انگلش ٹیچر	مدرسہ سقبرہ	[illegible]	کندرکی ضلع مرادآباد
۴	عباس علیخاں	مدرس	مدرسہ ... تحصیل حضور	[illegible]	ریاست رامپور
۵	مصری لال	مدرس	مدرسہ ... تحصیل ملک	[illegible]	
۶	سید نعمت حسین	مدرس	مدرسہ ... تحصیل شاہ آباد	[illegible]	،،
۷	الیاس حسین	انگلش ٹیچر	مدرسہ تحصیل بلاسپور	[illegible]	کندرکی ضلع مرادآباد
۸	نعمت احمد خاں	مدرس قرآن شریف	مدرسہ ... تحصیل شاہ آباد	[illegible]	ریاست رامپور

فہرست ۱ ملازمان غیر مستقل جنکی میعاد ملازمت ۳۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو پوری ہو گئی

نمبر شمار	نام مدرس	عہدہ	جائے تعیناتی	تنخواہ	سکونت	کیفیت
۱	ماسٹر ہری پرشاد	انگلش ٹیچر	برانچ مڈل اسکول	[illegible]	ریاست رامپور	دوران ملازمت غیر مستقل ہی کام چلا لہذا تبدیل ستقل ہیں۔
۲	سید خورشید حسین	مدرس	،،	[illegible]	،،	،،
۳	حافظ برکات احمد	مدرس قرآن شریف	،،	[illegible]	،،	،،
۴	جمیل احمد خاں	نائب مدرس	مڈل اسکول	[illegible]	،،	،،
۵	اصغر حسین	نائب مدرس	مدرسہ ... رام	[illegible]	،،	،،
۶	مقصود رضا خاں	انگلش ٹیچر	مدرسہ گھیر طوطا خاں	[illegible]	،،	،،
۷	سید لطیف احمد	نائب مدرس	مدرسہ ... تحصیل حضور	[illegible]	،،	،،
۸	شکور علی خاں	مدرس	مدرسہ ... تحصیل حضور	[illegible]	،،	،،
۹	چولاسی رائے	مدرس	مدرسہ ... تحصیل ملک	[illegible]	،،	،،
۱۰	چھوٹے	نائب مدرس	مدرسہ ... تحصیل ...	[illegible]	،،	،،
۱۱	یادو ا ...	انگلش ٹیچر	مدرسہ ...	[illegible]	،،	،،
۱۲	شفیع احمد خاں	مدرس	مدرسہ ... تحصیل حضور	[illegible]	،،	،،
۱۳	سید ... علی	مدرس اول	مدرسہ ... تحصیل بلاسپور	[illegible]	،،	،،

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

۳ رجون ۱۹۳۴ء

مثل یادداشت صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی ۵ ایوم متعلق منشی جمیل الدین محرر جوڈیشل عدالت منصف مجسٹریٹی حلقہ جنوبی مشاہرہ ۱۰ر از ۲ر لغایۃ ۶ رجون ۱۹۳۴ء بوجہ تقاضائے علالت خود۔

حکم

منشی جمیل الدین محرر جوڈیشل متعینہ حلقہ جنوبی کی مزید رخصت رعایتی ۵ ایوم کی بوجہ معذوری منظور منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

رخصت

۵ رجون ۱۹۳۴ء

مثل یادداشت صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی معہ درخواست رخصت رعایتی ایکماہ پانزدہ یوم بوضع نصف تنخواہ لایق علیخاں اہلمد عدالت فوجداری ضلع متعینہ بجائے جمیل الدین رخصتی محرر جوڈیشل عدالت منصف مجسٹریٹی حلقہ جنوبی مشاہرہ ۱۰ر بغرض علاج زوجہ خود بمقام لکھنؤ۔

حکم

لایق علیخاں اہلمد کی درخواست رخصت پیش ہوئی صاحب چیف مجسٹریٹ استحقاق رخصت رعایتی کا ظاہر کرتے ہیں۔ چونکہ لایق علیخاں اپنی سخت ضرورت ظاہر کرتا ہے اسلئے ۵ ایوم کی رخصت رعایتی اسکی منظور کیجاتی ہے۔ روز روانگی سے رخصت شمار ہوگی۔ لایق علیخاں مذکور بسلسلۂ رخصت جمیل الدین محرر جوڈیشلی کا کام کر رہا ہے اس لئے صاحب چیف مجسٹریٹ کسی اہلکار کو عدالت حلقہ جنوبی میں برائے چندے بجائے جمیل الدین حلقہ مذکور میں۔ توسیع عملہ کا انتظام عنقریب ہوجائیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

بمنظوری استدعا مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۳۳ء سید جعفر علی پیشکار آرمی ہیڈ کوارٹرز مستدعی رخصت کو رخصت ایک ماہ من ابتدائے ۵ جون ۱۹۳۳ء لغایتہ ۴ جولائی ۱۹۳۳ء استحقاقی دیا جانا منظور ہے۔ کام کے ذمہ دار زمانہ رخصت میں سید صدر علی رہیں گے آرڈر ہذا جاری ہو ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہ

۱۰ مئی ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

(واقع ۱۳ مئی ۱۹۳۳ء)

بحوالہ منظوری صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۳۳ء حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری مصدقہ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء جمعدار فرمان علی صاحب انفنٹری مذکورہ کو رخصت رول ایک ماہ من ابتدائے یکم جون ۱۹۳۳ء لغایت آخر جون ۱۹۳۳ء دیگئی آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی مطبع کو بغرض اندراج گزٹ مرسلہو

دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

ترقی

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۳۳ء جمعدار امیر احمد خاں صاحب انفنٹری مذکورہ کو بجائے خالی عہدہ صوبہ داری پر ترقی دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہو

۶ جون ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

رخصت

بحوالہ منظوری اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء ریاست رامپور تجاویز کورٹ مارشل واقع ۲۰ مئی ۱۹۳۳ء باثبات قصور سیکشن دفعہ ۲۵ اے آرمی ایکٹ دو خورشید جیرت اصول کرنا نسبت صوبہ دار نوازش خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کونسل سے منظور ہو چکی ہے کہ بموجب سپاہی نامبردہ کا تنزل کیا جائے اور ملازمت سے موقوف اور ایک سال قید با مشقت بھگتنے کو ۲۲ مئی ۱۹۳۳ء سے حسب ضابطہ جاری ہوئے احکام جیلخانہ میں بھیجا جائے چونکہ تجاویز مذکورہ منظور ہو چکی ہے لہذا آرڈر ہذا بغرض تعمیل وکارروائی جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ کے واسطے مطبع کو مرسلہو۔

۳ جون ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

ترقی

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری مورخہ ۵ جون ۱۹۳۳ء جمعدار محمد شفیع خاں صاحب کمپنی رجمنٹ مذکورہ کو بجائے خالی صوبہ داری پر اور فاروق حسن خاں پٹالین حوالدار میجر کو بجائے خالی جمعداری پر ترقی ۳ جون ۱۹۳۳ء سے دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا بغرض عمل درآمد جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

۵ جون ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

(اجلاس مسٹر سلطان علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں

جن مقدمات کی ۵ جون لغایت ۹ جون ۱۹۳۳ء ہوئی
مشتہر برائے طبع مطبع سرکاری گورنمنٹ مطبوعہ ۱۹۳۳ء
دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر واقع ۱۰ جون

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	[illegible]	-	-	-	تعطیل
۶ جون ۳۳ء	دوشنبہ	مسٹر سلطان علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	محمد حسین خاں بنام جانکی پرشاد	اپیل دیوانی دعویٰ ملکیت	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	محمد حسن خاں بنام جانکی پرشاد	اپیل دیوانی دعویٰ ملکیت	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	بسوا خاں بنام برج موہن لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۵۲ ت	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	کنھی لال بنام بلدیو	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	محمد صدیق بنام شفیق احمد خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	محمد رضا خاں وغیرہ بنام کنیز بیگم وغیرہ	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	محمد نبی بنام مسماۃ صاحبزادی	اپیل دیوانی دعویٰ علیحدگی جہیز	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	عظمت علی خاں بنام عبد الرشید خاں	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	آج پیش ہو کر برائے سماعت [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بنام منا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت	بغرض صفائی پیش کرنے کے واسطے [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر سلطان علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	مولوی پیر محمد بنام جناب صاحب چیف منسٹر بہادر	اپیل دیوانی بابت طلبی حساب وقف	مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر آج کچہری نہیں آئے ہیں اس وجہ سے [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی

یکم جون سنہ ۳۲ء	شنبہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر	لڈن بنام چھنو خاں وغیرہ	استقرار ثبت درخواست عذرداری نسبت واگذاشت ڈگری	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر آج کچہری نہیں آئے بایں وجہ ملتوی ہوکر ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	محمد اسمٰعیل بنام چھنو خاں	استقرار ثبت درخواست عذرداری نسبت واگذاشت مال مقروقہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر آج کچہری نہیں آئے بایں وجہ ملتوی ہوکر ۱۸ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۳ جون سنہ ۳۲ء	یکشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام ننھا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ و ۱۰۹ ت ا [illegible]	برائے سماعت بحث ۵ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	بھورے لال بنام سرکار بہادر	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	برائے وضع تنقیح ۲۳ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	امداد حسین خاں بنام بابو پرشاد	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	برائے وضع تنقیح ۲۳ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	سعادت اللہ خاں بنام محمد نور	ابتدائی دیوانی دعوی واپسی اشیاء امانتی	برائے وضع تنقیح ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	مسٹر سلیم علی انصاری صاحب چیف جسٹس، مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر	بہاری لال بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۶۷ ت	برائے سماعت ۶ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۴ جون سنہ ۳۲ء	دوشنبہ				تعطیل جہلم
۵ جون سنہ ۳۲ء	سہ شنبہ	مسٹر سلیم علی انصاری صاحب چیف جسٹس	گوپی ناتھ بنام بہادر [illegible]	نگرانی خفیفہ دعوی [illegible]	نگرانی منظور ہوئی
״	״	״	نور احمد خاں بنام ڈاکٹر احمد علی خاں	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible]	اپیل نامنظور ہوا
״	״	״	عبدالرشید خاں بنام فدا علی خاں	نگرانی دیوانی نسبت ترمیم دعوی [illegible]	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	امجدی بیگم وغیرہ بنام کرشن بہاری لال	ابتدائی دیوانی دعوی تخلیہ اراضی	شہادت پیش کرنے کے لئے ۲۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
״	״	״	اشفاق احمد بنام ننھا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ و ۱۰۹ ت ا	برائے صدور تجویز ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی

۵ جون ۳۳ء	شنبہ	اجلاس کامل	استصواب منجانب جناب صاحب چیف جسٹس بہادر	استصواب متعلق پرامیسری نوٹ	برائے ساعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	استصواب منجانب سول جج صاحب	استصواب متعلق رجسٹری سرٹیفکیٹ نیلام	برائے ساعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۷ جون ۳۳ء	چہار شنبہ	مسٹر جسٹس گمنند کشور صاحب بہادر	عطاء احمد خاں بنام [illegible]	درخواست دیوانی	ثبوت پیشی کے واسطے ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر سلطان علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	دوہیرو وغیرہ بنام نیم چند	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۵۷ [illegible]	زیر تجویز
"	"		گوپی چند بنام محمد نبی	اپیل دیوانی دعوی ساہوکارہ	اپیل نامنظور ہوا
"	"	"	محمد نبی بنام گوپی چند	اپیل دیوانی دعوی [illegible] و مجرائی رقم	اپیل محمد نبی بمد تعلق ڈگری [illegible] منظور ہوا اور بابت مجرائی رقم نامنظور ہوا
۸ جون ۳۳ء	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس گمنند کشور صاحب بہادر	اشفاق احمد بنام [illegible]	ابتدائی [illegible] جرم دفعہ [illegible]	زیر پیشی
"	"	"	حافظ محمد شاہ بنام چھوٹے خاں	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	زیر پیشی
"	"	"	تیر بہادر سنگھ بنام کستوری سنگھ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی دلہدہائی جائداد	زیر پیشی
"	"	مسٹر سلطان علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	محمد احمد خاں بنام خیالی	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰۹/۴۱۴ [illegible]	حسب استدعا سائل درخواست نگرانی خارج کیگئی
"	"	مسٹر سلطان علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس گمنند کشور صاحب بہادر	میر محمد بنام جناب چیف منسٹر صاحب بہادر	اپیل دیوانی بابت طلبی حساب وقف	زیر پیشی

بدستخط [illegible] جسٹس

روبکار عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۷ جون ۱۹۳۴ء

نگرانی فوجداری مسماۃ منی بنام ہری شنکر زیر دفعہ ۵۰۶ تعزیرات رامپور ۱۳ مئی سنہ حال کو منظور ہوئی ہے۔ مگر فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ مندرجہ گزٹ نمبر ۲۶ مطبوعہ ۲ جون ۱۹۳۴ء جلد ۹ میں یہ تحریر ہے کہ نگرانی نامنظور ہوئی۔ چونکہ مطبع سے بجائے منظوری کے نامنظوری غلط تحریر ہوا ہے اور اوسکی تصحیح کرانا مناسب معلوم ہوتا ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تصحیح اس امر کے کہ نگرانی مذکورہ بالا منظور ہوئی ہے نامنظور نہیں ہوئی ہے برائے اندراج گزٹ مطبع سرکار کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

اعلان

دو جگہ آسامیاں فائنانس ڈپارٹمنٹ۔ انتظام [illegible] کے لیے امیدواران جو بی اے پاس یا سند یافتہ اکاؤنٹنٹ ہوں اور شارٹ ہینڈ و ٹائپ رائٹنگ سے واقف ہوں اور اردو میں تحریر کا کام بخوبی کر سکتے ہوں۔ اپنی اپنی درخواستیں مع نقول سارٹیفکیٹ کے صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کے اجلاس میں ۲۰ جون ۱۹۳۴ء تک بھیجیں۔ تنخواہ پچھتر پچھتر روپیہ ماہوار دیجائے گی۔ باشندگان رامپور کو ترجیح دیجائے گی

دستخط

(فائنانس سکریٹری بہادر)

حکم اجلاس صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

جرمانہ

۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

تحویلدار سلے بلاک پیکس میں موجود نہ تھے۔ اون کے آنے پر ہم نے اون سے دریافت کیا تو ناسپردہ نے ایسے جوابات دئے جو گستاخی اور تمرد کی پر دلالت کرتے ہیں لہذا بقصور مذکور ناسپردہ پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ ایسی صورت پیش آئی تو سزائے موقوفی دیجائیگی۔ تحویلدار کا نام عطاء اللہ خاں ہے۔ اور فراش خانہ کی [illegible] میں تنخواہ پاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

صدر رسید احکام جرمانہ حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

نقشہ اجناس ریاست رامپور ... نزول اول ماہ جون سنہ ۱۹...ء

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
گندم	۱۰۰۱۲ ار ۱۳ ار	۱۴ ار	۱۱۳ ار	۰	۰	۱۱۳ ار ۱۰۱۴ ار	نوٹ
نخود خالص	۱۰۱۵ ار	۱۱۶ ار	۱۱۷ ار	۰	۰	۱۱۵ ار	تحصیل بلاسپور اور تحصیل سوار کے
نخود گشتہ آمیز	۱۰ ار ۱۷ ار	۱۰۱۷ ار	۱۱۹ ار	۰	۰	۱۱۶ ار	نقشہ جات نہیں آئے۔
گشتہ	۱۰۱۷ ار ۱۸ ار	۱۰۱۹ ار	۱۲۰ ار	۰	۰	۱۱۷ ار ۱۰۱۷ ار ۱۸ ار	
ماش	۱۱۳ ار	۱۱۴ ار	۱۰۱۱ ار	۰	۰	۱۱۳ ار	
مونگ	۱۰۱۳ ار	۱۰۱۲ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جی	۱۱۹ ار	۰	۱۲۲ ار	۰	۰	۱۲۲ ار ۱۲۳ ار	
گوجی	۰	۰	۱۱۹ ار	۰	۰	۰	
مسور	۱۰۱۶ ار	۱۱۵ ار	۱۱۷ ار	۰	۰	۱۱۶ ار	
ارہر	۱۰۱۳ ار	۱۱۷ ار	۱۱۶ ار ۱۸ ار	۰	۰	۱۱۶ ار	
برنج	۹ ار ۱۰ ار	۱۰ ار ۹ ار	۹ ار	۰	۰	۱۰ ار ۱۰ ار	
روغن زرد	۱۱ چھٹانک	۲ سیر ار	۱۲ چھٹانک	۰	۰	۲ ار	
روغن سیاہ	۱۰۳ ار	۱۰۲ ار ۳ ار	۱۰۲ ار	۰	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۲ ار ۱۰۲ ار	۱۰۲ ار	۲ ار	۰	۰	۱۰۳ ار	
نمک سانبھر	۹ ار	۹ ار	۱۰۸ ار	۰	۰	۹ ار	
نمک لاہوری	۵ ار	۸ ار	۶ ار	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۹ ار	۷ ار ۷ ار	۸ ار	۰	۰	۸ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰		

اسٹیٹ پریس رامپور